© rasailojaraid.com



ب کلام، وسعتِ معلومات، اسلوبِ نگارش کی جدت ورنگارنگی کے باعث یہ مجموعہ انگریزی
وادب کے طلبار کے لئے بہت کام کی چیز ہے۔

جنابِ ناشر سے یہ توقع بیجا نہیں ہے کہ وہ مولانا مرحوم کے بقیہ مضامین و مقالات جو
ی کامریڈ کے صفحات میں بکھرے پڑے ہیں اسی طرح شائع کریں گے۔

Iqbal as a Think | تقطیع متوسط ضخامت ۳۰۰ صفحات ٹائپ جلی اور روشن
ت پانچ روپیہ پتہ:۔ شیخ محمد اشرف صاحب کشمیری بازار لاہور

یہ کتاب چند مقالات کا مجموعہ ہے جو ہندوستان کے متعدد اربابِ علم وادب نے ڈاکٹر اقبال
کی شاعری اور فلسفہ کے مختلف پہلوؤں پر انگریزی میں لکھے ہیں، چنانچہ ڈاکٹر رضی الدین صدیقی
"اقبال کا تصورِ زمان ومکان"۔ خواجہ غلام السیدین نے "اقبال کے فکر میں ترقی پسندانہ رجحانات"
ریف صاحب ایم۔ اے (کینٹب) نے "اقبال کا تصورِ خدا" ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدین نے
ی، نٹشے اور اقبال"۔ پروفیسر فضل الرحمٰن نے "اقبال اور تصوف" ڈاکٹر عزیز احمد نے
بال کا سیاسی نظریہ"۔ پروفیسر کلیم الدین احمد نے "فنونِ لطیفہ کے متعلق اقبال کا تصور" پر
یق دی ہے۔

یہ تمام مقالات نہایت سنجیدہ۔ محققانہ، پراز معلومات اور مفید و بصیرت افروز ہیں،
ہر مقالہ بجائے خود ایک کتاب ہے۔ البتہ سب سے آخر میں فیاض محمود صاحب کا مقالہ
قبال کا رویہ خدا کے متعلق" تشنہ و ناتمام ہے۔

اس سلسلہ میں یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ اقبال کا فکر اگرچہ مربوط و مسلسل اور مرتب و مہذب تھا
ن اس کے باوجود بعض اشعار ان کے قلم سے ایسے بھی نکل گئے ہیں جن کو ہم محض ایک "شاعرانہ
" یا اسی مناسبت سے "رندانہ جرأت" کہہ سکتے ہیں۔ اس کو اقبال کے مربوط افکار کا جزر
ر دینا صحیح نہ ہوگا۔

کلمات افلاطون | مترجمہ ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب تقطیع متوسط ضخامت ۷۵ صفحات

© rasailojaraid.com